منگل ١١ اگست، ٢٠٢٦

جماعت کا کام

عنوان: میرا تعارف

میرا نام اُم ہانی ہے۔ میری عمر ٨ سال ہے۔
میرا پسندیدہ رنگ جامنی اور گلابی ہے۔ میں
جماعت دوم میں پڑھتی ہوں۔ مجھے اسٹرابیری
پسند ہے۔ میں بڑے ہو کر آرٹسٹ بنوں گی۔

(انشاءاللہ)

شاباش

١١/٨

جمعرات، ۱ اگست ۲۰۲۴ — جماعت کا کام

عنوان: حروف تہجی، آدھی اشکال

ا آ ب بـ پ پـ تـ ت

ٹ ٹـ ث ثـ ج جـ چ چـ

ح حـ خ خـ د ڈ ذ

ر ڑ ز ژ س سـ ش شـ

ص صـ ض ضـ ط ظ ع عـ

غ غـ ف فـ ق قـ ک کـ

گ گـ ل لـ م مـ ن نـ و ھ

ہ ۂ ۓ ی ے یـ

جماعت کا کام

عنوان: میرا پاکستان

۱- میرے ملک کا نام پاکستان ہے۔

۲- یہ ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو آزاد ہوا۔

۳- پاکستان کے جھنڈے کا رنگ ہرا اور سفید ہے۔

۴- پاکستان بہت خوب صورت ہے۔

۵- مجھے اپنے وطن سے بہت پیار ہے۔

۱۳/۸

اصلاح:
ہرا مجھے

منگل ۱۸ اگست ۲۰۲۰ جماعت کا کام

عنوان: حمد - الفاظ - معانی

| الفاظ | معانی |
| --- | --- |
| اتارنا | اوپر سے نیچے لانا |
| اشارہ | توجہ دلانا |
| جگ مگ | روشن |
| جگنو | اڑنے والا کیڑا |
| شمار | گنتی |
| نظارہ | منظر |

۱۸/۸

## آپ نے کیا سمجھا؟

۱۔ مصرعے مکمل کیجیے۔

(الف) پیار بھرا ہر ـــــ ایک ـــــ اشارہ

(ب) جس نے زمیں پہ پیار ـــــ اتارا ـــــ

(ج) جگ مگ کرتے ـــــ چاند ـــــ ستارے

(د) ـــــ اللہ ـــــ ہے بس پیار ہی پیار

۱۸/۸ جماعت کا کام

۲۔ سوالات کے جواب لکھیے۔

(الف) اس نظم کو حمد کیوں کہا گیا ہے؟

جس نظم میں اللہ تعالیٰ کی تعریف کی گئی ہو اُسے حمد کہتے ہیں۔

(ب) اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے کیا کیا بنایا ہے؟

اللہ نے ہمارے لیے سورج، چاند، ہوا اور پانی بنایا ہے۔

(ج) اس نظم میں پیارا کس کو کہا گیا ہے؟

اس نظم میں پیارا اللہ کو کہا گیا ہے۔

(د) اپنے پسندیدہ نظارے سے متعلق کاپی میں تین جملے لکھیے۔

۳۔ حمد زبانی یاد کیجیے اور جماعت میں سنائیے۔



CamScanner

### مل کر کریں بات:

۴۔ جماعت میں بات چیت کیجیے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں کون کون سی نعمتیں عطا کی ہیں؟

### لفظوں کا کھیل:

۵۔ حروف الگ کر کے پہلے حرف سے لفظ بنائیے۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| شمار | = | ش | م | ا | ر | | شیر |
| جگنو | = | ج | گ | ن | و | | جالا |
| اشارہ | = | ا | ش | ا | ر | ہ | اللہ |
| تمہارے | = | ت | م | ھا | ر | ے | تتلی |

### قواعد سیکھیں:

۶۔ مثال کے مطابق واحد الفاظ کو اُن کی جمع سے ملائیے۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| پودا | پرندے |
| تحفہ | بندے |
| پرندہ | پودے |
| بندہ | تحفے |

| واحد | جمع |
|---|---|
| بات | چیزیں |
| آنکھ | شرارتیں |
| شرارت | آنکھیں |
| چیز | باتیں |

برائے اساتذہ کرام: سوال نمبر ۴ کے لیے بچوں کو اظہار کا موقع دیجیے۔ سوال نمبر ۵ کے لیے بچوں کو تالی بجا کر ارکان کی نشان دہی کروائیے۔ سوال نمبر ۶ کے لیے بچوں کو واحد جمع کا تصور سمجھانے کے لیے واحد جمع کے الفاظ، جیسے ''پرندہ، پرندے''، ''دروازہ، دروازے'' تختۂ تحریر پر لکھ کر بچوں کو سمجھائیے اور مزید مثالیں دیجیے۔

جماعت ...

۲۰/۱

■ جملہ غور سے پڑھیے۔ ختمہ (۔) اور سکتہ (،) پہچانیے۔

سلیم، سلیمان اور دانش کے امتحان کا نتیجہ آ گیا۔

۷۔ جملوں میں سکتہ اور ختمہ کا نشان لگا کر جملے دوبارہ لکھیے۔

(الف) ماریہ نے لال ہری نیلی اور پیلی چوڑیاں خریدیں

ماریہ نے لال، ہری، نیلی اور پیلی چوڑیاں خریدیں۔

(ب) درخت پر چڑیا کبوتر طوطے اور کوّے بیٹھے ہیں

درخت پر چڑیا، کبوتر، طوطے اور کوے بیٹھے ہیں۔

(ج) چڑیا گھر میں شیر چیتا ہرن بندر اور ہاتھی تھے

چڑیا گھر میں شیر، چیتا، ہرن، بندر اور ہاتھی تھے۔

ٹھہریے اور سوچیے

ختمہ (۔): جب ... تو اس کے آخر میں ... لگاتے ہیں۔

سکتہ (،): یہ علامت ... وقفے کے طور پر ... جہاں یہ علامت ہو ... کر آگے بڑھتے ہیں۔

پڑھیے:

۸۔ دیے ہوئے ارکان ایک منٹ میں پڑھیے۔

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| با | پا | تا | ٹا | جا | چا | خا | دا | را |
| صا | طا | دھا | فا | قا | کا | ھو | گھا | نا |
| بو | پھو | تو | ٹو | جو | چو | خو | دو | رھو |
| طو | عو | غو | فو | قو | کھو | گو | لو | مو |
| بی | پی | تی | ٹی | جھی | چی | دی | ڈی | سی |
| کی | گی | لی | می | نھی | ہی | بے | پے | تے |
| بھے | دے | پھے | رے | سے | [illegible] | | | |

جمعرات ۱۰ اگست ۲۰۲۳ جماعت کا کام

عنوان: جملہ سازی

| الفاظ | جملے |
|---|---|
| ۱۔ اتارا | اللہ نے زمین پر پیدا اتارا۔ |
| ۲۔ اشارہ | میں نے کتاب کی طرف اشارہ کیا |
| ۳۔ جگ مگ | ۱۴ اگست میں سڑکیں جگ مگا کر رہی تھیں۔ |
| ۴۔ جگنو | رات کو جگنو جگ مگ کرتا ہے |
| ۵۔ شمار | میں اپنی امّی کا پیار نہیں کر سکتا۔ |
| ۶۔ نظارہ | مجھے بادش کا نظارہ اچھا لگتا ہے۔ |

منگل ۲۵ اگست ۲۰۲۶ جماعت کا کام

عنوان: واحد / جمع

| | واحد | جمع |
|---|---|---|
| ۱) | پودا | پودے |
| ۲) | تحفہ | تحفے |
| ۳) | پرندہ | پرندے |
| ۴) | کمرہ | کمرے |
| ۵) | بکری | بکریاں |
| ۶) | پہاڑی | پہاڑیاں |
| ۷) | گھڑی | گھڑیاں |
| ۸) | کرسی | کرسیاں |

| | | |
|---|---|---|
| ٩) | بات | باتیں |
| ١٠) | چیز | چیزیں |
| ١١) | شرارت | شرارتیں |
| ١٢ | آنکھ | آنکھیں |

CamScanner

جمعرات، ۲۷ اگست ۲۰۲۶ جماعت ۷ کام

عنوان: تصویری وضاحت

یہ تصویر ایک باغ کی ہے۔ اس تصویر میں تین بچے اور بہت پھول ہیں۔ بطخ تالاب میں اپنے بچوں کے ساتھ ہیں۔ درخت پر گھونسلا ہے۔ کتا لال گیند کے ساتھ کھیل رہا ہے۔ مرغی اپنے بچوں کے ساتھ ~~کھیل رہی~~ دانہ کھا رہی ہے۔ آسمان میں سورج اور بادل ہیں۔ مجھے یہ تصویر اچھی لگی۔

Good 27/8

جمعہ، ۲۸ اگست ۲۰۲۴ء جماعت ہشتم

عنوان: حروفِ جار

تعریف:

وہ حروف جو کسی اسم کو فعل سے ملائیں حروفِ جار کہلاتے ہیں۔ جیسے چڑیا درخت پر بیٹھی ہے۔ اپنے قلم سے لکھو۔

ان جملوں میں پر اور سے حروفِ جار ہیں۔

۱) امی نے آواز دی۔

۲) علی کو کھانا دو۔

۳) سیب میز پر رکھ دو۔

28/8